Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

30 اکتوبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی انتخابات سے قبل ملک میں انتخابی ماحول پراگندہ کرنے اور سنگین نوعیّت کی ناہمواریاں پیدا کرنے کی ریاستی کوششوں پر شدید تحفّظات کا اظہار
- الیکشن کمیشن آف پاکستان سے "بلّے" کے انتخابی نشان کے حوالے سے 3 اگست 2023 کے زبانی اعلان کے بعد مفصّل تحریری فیصلے کے بلا تاخیر اجراء کا مطالبہ
- پاکستان تحریک انصاف وفاقِ پاکستان کی معتبر ترین نمائندہ سیاسی قوت اور "بلّے" کا انتخابی نشان عوامی امنگوں کی مستند علامت ہے۔
- الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے زبانی اعلان کے 87 روز بعد بھی "بلّے" کے انتخابی نشان پر تحریری فیصلے کے اجراءسے گریز عوام میں سنگین نوعیّت کے خدشات اور تحفظات کا باعث بن رہا ہے۔
- تکنیکی موشگافیوں کی آڑ میں "بلّے" کے نشان کو بیلٹ پیپر سے ہٹانے یا تحریک انصاف کو اس سے محروم کرنے کی کوشش جمہور کے ووٹ کے حق، انتخاب کی شفافیّت اور جمہوریت کیخلاف ایک گھناؤنی سازش ہو گی جسے قوم کسی طور قبول نہیں کرے گی۔
- پاکستان کو درپیش کثیر الجہتی بحرانوں کا حل شفافیّت، ساکھ اور تمام سیاسی جماعتوں کیلئے حصہ لینے کے مساوی اور یکساں مواقع کے حامل انتخابات میں پوشیدہ ہے۔
- تحریک انصاف کو انتخاب سے باہر کرنے یا غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری طور پر اسے اس کے انتخابی نشان "بلّے" سے محروم کئے جانے سے انتخاب کی ساکھ اور حیثیت خاک میں مل جائے گی۔

- تحریک انصاف کو "بلّے" کے انتخابی نشان سے محروم کرنے کی کوشش کی گئی تو قوم کے ساتھ مل کر آئینی، قانونی، سیاسی اور جمہوری طور پر شدید مزاحمت کریں گے۔
- پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے وفاقی دارالحکومت میں جبری طور پر لاپتہ کئے گئے افراد کی بازیابی کیلئے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل کے دھرنے کی مکمل حمایت کا فیصلہ
- پاکستان تحریک انصاف کے قائدین اور کارکنان ریاست کی جانب سے جبری طور پر لاپتہ کئے جانے کے بدترین سلسلے کی زد میں ہیں۔
- دستور کے تابع کسی بھی جمہوری ملک میں ریاست کو یہ حق حاصل نہیں کہ شہریوں کو ماورائے قانون اقدامات کا نشانہ بنائے یا سیاسی اہداف کے حصول کیلئے انہیں جبراًاغواءولاپتہ کرے۔
- تحریک انصاف ملک کے تمام حصوں سے جبری طور پر لاپتہ کئے گئے پاکستانیوں کی فوری بازیابی اور قانون کی حکمرانی کو ریاستی اندازِ کار کی بنیاد بنانے کا مطالبہ کرتی ہے۔
- کور کمیٹی کی جانب سے ضمانتوں کی منظوری کے باوجود تحریک انصاف کے بے گناہ کارکنان کو قید میں رکھنے یا مزید جھوٹے مقدمات میں گرفتار کرنے کا جاری سلسلہ قانون اور نظامِ عدل سے سنگین مذاق قرار
- جیلوں میں قید بے گناہ کارکنان کے بنیادی دستوری حقوق کے تحفّظ اور ان کی قید سے فوری رہائی کیلئے ہر سطح کی عدالتوں سے فعّال کردار ادا کرنے کی استدعا
- مکمل بے گناہی کے باوجود نہایت ہمّت، بہادری اور استقامت سے اندھے ریاستی تشدد اور انتقام کا نشانہ بننے والے وفاشعار اور باہمّت مرد و خواتین کارکنان کو بھرپور خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔
- ملک و قوم کے ان بہادر بیٹے بیٹیوں کا حوصلہ حقیقی آزادی کی تحریک کی روح اور پاکستان سے ظلم و جبر کی تاریک رات کے خاتمے کا عنوان ہیں۔

- بدترین فسطائیّت، جبر اور لاقانونیّت کا نہایت جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے ملک بھر میں پہلے توہینِ کلامِ پاک اور پھر مظلوم اہلِ فلسطین پر اسرائیل کے انسانیّت سوز مظالم سمیت تمام اہم معاملات پر پرامن احتجاج / مظاہرے / ریلیاں منعقد کرنے والے نوجوان بھی خصوصی خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔
- ہزاروں ساتھیوں کی جیلوں میں ناروا قید کے باوجود جمہوریت، آئین و قانون کے احترام اور حقیقی آزادی کیلئے پرامن انداز میں باہر نکلنے اور سیاسی جدوجہد کو آگے بڑھانے پر خصوصاً انصاف یوتھ ونگ کے نوجوان مبارکباد کے مستحق ہیں۔
- کور کمیٹی کی جانب سے مظلوم اہلِ فلسطین کے حقوق کے تحفظ، اسرائیلی وحشت کی فوری روک تھام اور مسئلے کے مستقل حل کیلئے اہلِ عالم خصوصاً عالمی طاقتوں سے بلا تاخیر کردار ادا کرنے کے مؤقف کا اعادہ
- عالمی طاقتوں کی آشیرباد سے ہندوستان اور اسرائیل جیسی قابض ریاستوں کی مظلوموں کیخلاف انسانیت سوز جارحیّت اور بے انصافیاں نظمِ عالم، عالمی امن اور بنی نوع انسان کے مجموعی مفادات کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا رہی ہیں۔
- عالمی طاقتیں اپنے گھٹیا اہداف ایک جانب رکھتے ہوئے عدل و انصاف کو اپنی فیصلہ سازی کی بنیاد بنائیں اور عالمی دہشتگرد ریاست اسرائیل کو عالمی قوانین کے تابع کرنے کیلئے ذمہ دارانہ کردار ادا کریں۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk